سعودی کتب خانوں میں فقہِ حنبلی کے قلمی نسخے

(مدیر اعلیٰ اعزازی)

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے پیروکار علماءِ فقہ حنبلی اور خود امام احمد کے تلامذہ نے آغاز ہی سے فقہ حنبلی میں تصنیف و تالیف پر خصوصی توجہ دی۔ انہوں نے امام احمد سے سماعت کردہ مسائل مدون کئے اور ان مسائل پر مشتمل مجموعے مرتب کئے۔ فقہ حنبلی کے ان ابتدائی مجموعوں کا نام ''المسائل'' ہی معروف ہے۔ جیسا کہ مسائل صالح و مسائل عبداللہ بن احمد بن حنبلی، امام احمد کے ان دو صاحبزادوں کے علاوہ امام کے شاگردوں کے مرتب کردہ مجموعہ ہائے مسائل میں سے، مسائل ابی داؤد، مسائل ابن ہانی، مسائل الکوسج اور مسائل کرمانی وغیرہ نے زیادہ شہرت پائی۔ پھر اس مذہب کے دیگر جید علماء نے اجتہادی مسائل پر مشتمل کتب تالیف کیں جو فقہی ابواب کی ترتیب سے جملہ ابواب کا احاطہ کرتی ہیں۔ ان میں سے بعض مختصر ہیں بعض مطول ہیں اور بعض متوسط درجہ کی کتابیں ہیں۔ ان کتب میں سے بعض تو صرف فقہ حنبلی ہی کو پیش کرتی ہیں، جبکہ بعض دیگر میں قرآن وسنت کے دلائل اور دیگر مذاہب فقہ کے مواقف بھی پیش کئے گئے ہیں۔ جیسا کہ المغنی لابن قدامہ۔

فقہ حنبلی کی کتب کے قلمی نسخے دنیا بھر کی لائبریریوں تک پہنچے اور انہیں مخطوطات کے شعبوں میں محفوظ کیا گیا۔ سعودی عرب کی جامعات کے علاوہ دنیا کی دیگر جامعات میں بھی بعض ایسے قلمی نسخے اب تک محفوظ ہیں۔

جسٹس ڈاکٹر ناصر بن سعود بن عبداللہ السلامی نے فقہ حنبلی کے قلمی نسخوں کی تلاش وجستجو کے بعد ایک رپورٹ مرتب کی جس میں سعودی عرب کے سرکاری و غیر سرکاری کتب خانوں/ لائبریریوں میں موجود قلمی نسخوں کی نشاندہی کی ہے۔ ڈاکٹر سلامہ عفیف میں عدالت کے جج ہیں اور فقہ حنبلی سے خاص شغف رکھتے ہیں۔ مخطوطات ان کا خاص موضوع ہے۔ فقہ حنبلی پر تحقیقی کام کرنے والوں کے لئے ڈاکٹر سلامہ کے پاس خاصا مواد ہے۔ ان سے رابطہ کیلئے ایڈریس حسب ذیل ہے۔

دکتور ناصر بن سعود بن عبداللہ السلامہ

قاضی بمحکمۃ عفیف۔ المملکۃ العربیۃ السعودیۃ